قرآن فہمی کے لئے عربی گرائمر

جدید طرزِ تعلیم کی روشنی میں نہایت آسان طریقہ پر مشتمل

تنویر القرآن

Tanveer ul Quran

Quranic Arabic Grammar

ترتیب وتدوین

قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا○

تمہارے پاس پروردگار کی طرف سے (روشن) دلیلیں پہنچ چکی ہیں تو جس نے (ان کو آنکھ کھول کر) دیکھا اس نے اپنا بھلا کیا اور جو اندھا بنا رہا اس نے اپنے حق میں برا کیا

(سورۃ الانعام۔آیت نمبر104)

تنویر القرآن

ترتیب وتدوین

پروفیسر ڈاکٹر قاضی سلطان سکندر

نام کتاب تنویر القرآن
تالیف پروفیسر ڈاکٹر قاضی سلطان سکندر
ناشر ادارہ تنویر القرآن
ملنے کا پتہ: لائبریری جامع مسجد نور مصطفوی کینال ویو، اے بلاک، لاہور، فون 0300-4678009
ادارہ تنویر القرآن، 523A، ریلوے کالونی، انجن شیڈ لاہور، فون 0321-4649089
60-A1 ویلنشیا ٹاؤن لاہور، فون 0314-4099400

اس کتاب پہ کسی قسم کی کوئی آمدنی نہیں ہے جس سے مُصنف یا کسی اور فرد یا ادارے کو مالی فائدہ ہوتا ہو۔ ادارہ تنویر القرآن ایک دینی ادارہ ہے جو بنیادی ضروری اور دینی قرآن وسنت کے مسائل پر مشتمل کتابوں کا ایک سلسلہ شروع کیے ہوئے ہے۔ ان کُتب کو احباب کے مالی تعاون سے پبلش کروا کے مفت تقسیم کیا جاتا ہے۔
آپ بھی اس کارِخیر میں شامل ہوں۔

پہلے مجھے پڑھیں

یہ کتاب صرف عوام الناس جو عربی گرائمر سمجھنے سے قاصر ہیں ان کو مدِ نظر رکھ کر لکھی گئی ہے جس میں بارعب مشکل عربی زبان کے استعمال کی بجائے آسان زبان میں چند (TIPs) دی گئی ہیں تاکہ قرآن فہمی میں آسانی ہو۔لیکن عربی گرائمر جاننے والے افراد کے لیے بھی اسماء وافعال اورحروف کی یہ Categorization انشاءاللہ ضرور مفید ثابت ہوگی۔

کسی بھی کلام کی پہلی اکائی حرف (Alphabet) ہوتا ہے۔جس سے لفظ بنتا ہے لفظ سے الفاظ اور جملے ترتیب پاتے ہیں۔اسم اور حرف کے ساتھ ایک مفید جملے کو بنیادی طور پر تین چیزوں (اسم،فعل،حرف) کی ضرورت ہوتی ہے۔ترجمہ قرآن کو سیکھنے کے لئے فعل کی مختلف حالتوں کا سمجھنا نہایت ضروری ہے۔کتاب کے اندر اختصار کو مدِنظر رکھتے ہوئے حروفِ تہجی (Alphabet) کے اعتبار سے ہر باب سے مشہور اور زیادہ استعمال ہونے والے افعال (Verbs) کی ایک (Dictionary) بنادی گئی ہے اورآخر میں متفرقات (Miscellaneous) کی فہرست دے دی گئی ہے جس میں زیادہ تر استعمال ہونے والے اسماء (Nouns) حروف (Prepositions) وغیرہ بیان کیے گئے ہیں۔

حروف تہجی کے اعتبار سے کچھ افعال کا تکرار Repetition ہے۔اس کی وجہ اس لفظ کا قرآن میں ماضی، حال، مستقبل، امر اور نہی کی شکل میں زیادہ استعمال ہونا ہے۔کچھ ابواب کے اندر حروفِ تہجی سے کوئی فعل Verb ذکر ہی نہیں کیا گیا کیونکہ وہ قرآن میں بہت تھوڑی دفعہ استعمال ہوا ہے اور کتاب کو طوالت سے بچانا مقصود ہے۔

قرآن کو سمجھنے کیلئے افعال (Verbs) کا سمجھنا نہایت ضروری ہے۔اس کتاب میں اسی پر

زیادہ توجہ دی گئی ہے۔کتاب میں بہتری کی بہت سی جہتیں باقی ہیں لیکن تیز رفتاری کے موجودہ دور میں مصروفیات زیادہ ہونے کی وجہ سے قرآن فہمی کیلئے مسلمانوں کے پاس وقت نہیں ہے، اس لئے لمبی بات نہیں کی گئی۔ یہ Arranged Methodology کافی حد تک قرآن سمجھنے میں Helpfull ثابت ہوگی۔ بہتر تھا کہ ہر چیز کی مثالیں قرآن کی آیات لکھ کر وضاحت کے ساتھ دے دی جاتیں لیکن کتاب کو مختصر رکھنے کیلئے ایسا نہیں کیا گیا۔

Specialization کے اس دور میں عوام، پروفیسرز، ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء، تاجر اور ہر وہ شخص جو قرآن سمجھنا چاہتا ہے۔لیکن مصروفیت کی وجہ سے وقت نہیں دے سکتا اس کو خصوصاً مدِ نظر رکھا گیا ہے۔ اس گرائمر کو درسِ قرآن کی شکل میں (Youtube channal Mustafai Taleem ul Quran) پر Apply کیا گیا ہے۔

By Prof.Dr.Allama Sultan Sikandar

کتاب کے آخر میں قرآن مجید کی ایک سورت دے دی گئی ہے تاکہ گرائمر کے بنیادی خدوخال کے ساتھ ترجمہِ قرآن کی پریکٹس ہوجائے۔ابھی تک 13 پاروں پہ درس مکمل ہو چکا ہے۔

کتاب کی کمپوزنگ کے لئے **عبد الشکور** (ڈپٹی ڈائریکٹر ہیلپ لائن PMIU محکمہ آبپاشی، لاہور) اور (Proofreading) کے مراحل میں خصوصی تعاون پر پروفیسر اختر خان، محمد ریاض آسی صاحب اور تمام معاونین کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے۔میری طرف سے دعائیں اس کے علاوہ ہیں۔

طالب دعا

پروفیسر ڈاکٹر قاضی سلطان سکندر

کلمہ کی تعریف

ہر بامعنی لفظ کوکلمہ کہتے ہیں۔کلمہ کی تین قسمیں ہیں۔

۱۔اسم (Noun) ۲۔فعل(Verb) ۳۔حرف (Preposition)

ان تین اقسام میں سے ہرایک کی مزید اقسام بھی ہیں۔

اسم(Noun)

اسم (Noun) کا چونکہ سمجھنے سمجھانے سے زیادہ بار بار پڑھ کر (Vocabulary Enhance) کرنے سے تعلق ہے۔اس لیےاس کے متعلق ابتدائی معلومات کے طور پر یہ سمجھنا کافی ہے کہ اسم کسی شخص، چیز یا جگہ وغیرہ کے نام کو کہتے ہیں اور(First Looking)کے ساتھ اسم کی پہچان کیلئے چندTips ہیں مثلاً جس لفظ کے شروع میں الف اور لام ہو جیسے(اَلْعَبْدُ بندہ) تو وہ اسم ہوگا۔اور جس کے آخر میں دو زبر ــً دو زیر ــٍ یا دو پیش ــٌ یعنی''نون تنوین'' ہو وہ بھی اسم ہوگا وغیرہ۔اس کی مختلف اقسام ہیں چند ایک درج ذیل ہیں۔جتنی دفعہ قرآن میں استعمال ہوئے ہیں،ساتھ ساتھ اُن کی تعداد بھی لکھ دی گئی ہے۔

اسمائے موصول اور اسمائے اشارہ درج ذیل ہیں۔

اسمائے موصول

جو دو جملوں کو ملانے کا کام دیتے ہیں جن کو انگلش میں(Relative noun) کہتے ہیں

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	اَلَّذِی (289)(جوایک)	اَلَّذَانِ (13) (وہ جودو)	اَلَّذِیْنَ (879)(وہ جوسب)
مونث	اَلَّتِیْ (66)(وہ جوایک عورت)	اَللَّتَانِ (8)(وہ جودوعورتیں)	اَلّٰاتِیْ (9)(وہ جوسب عورتیں)

نوٹ: یہ(Nouns) تقریباً 1264 دفعہ قرآن میں استعمال ہوئے ہیں۔انگلش میں ڈبلیو فیملی (When, Which,Who)اور That وغیرہ جب گفتگو کے درمیان میں آئیں تو اسی معنی میں استعمال ہوتے ہیں۔

اسمائے اشارہ

اس سے مراد وہ اسماء ہیں جن کے ساتھ کس چیز کی طرف اشارہ کیا جائے جس کی طرف اشارہ کیا جائے اسے مشارٌ الیہ کہتے ہیں۔ یہ تعداد میں بارہ ہیں ان میں سے پہلے چھ قریب اشارہ کرنے کیلئے ہیں۔ جن میں سے پہلے تین مذکر قریب دوسرے تین مؤنث قریب کیلئے ہیں۔ جو درج ذیل ہیں۔ ٹوٹل 947 دفعہ قرآن میں آئے ہیں ان کی علیحدہ علیحدہ تعداد بھی لکھ دی گئی ہے۔

		واحد	تثنیہ	جمع
اسمائے اشارہ قریب	مذکر	هٰذَا (209) هٰذَا مُسْلِمٌ (یہ مسلمان مرد ہے)	هٰذَان (2) هٰذَانِ مُسْلِمانِ (یہ دو مسلمان مرد ہیں)	هٰؤلاء (44) هٰؤلاءِ مُسْلِمُوْنَ (یہ سب مسلمان مرد ہیں)
	مونث	هٰذِهٖ (46) هٰذَہ مُسْلِمَةٌ (یہ مسلمان عورت ہے)	هٰاتَان هٰاتَان مُسْلِمَتَانِ (یہ دو مسلمان عورتیں ہیں)	هٰؤلاء هٰؤلاء مُسْلِمَاتٌ (یہ سب مسلمان عورتیں ہیں)

جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہے وہ اگر قریب کی بجائے دور ہو تو اس کیلئے درج ذیل اسماء سے اشارہ کیا جاتا ہے۔

		واحد	تثنیہ	جمع
اسمائے اشارہ بعید	مذکر	ذٰلِكَ (414) ذٰلِكَ مُسْلِمٌ (وہ مسلمان مرد ہے)	ذَانِكَ (1) ذَانِكَ مُسْلِمَانِ (وہ دو مسلمان مرد ہیں)	أُوْلَٓئِكَ (189) أُولَٓئِكَ مُسْلِمُوْنَ (وہ سب مسلمان مرد ہیں)
	مونث	تِلكَ (42) تِلكَ إمْرَءَ ةٌ (وہ ایک عورت ہے)	تَانِكَ تَانِكَ إمْرأتَانِ (وہ دو عورتیں ہیں)	أُولَٓئِكَ أُولَٓئِكَ نِسَاءٌ (وہ سب عورتیں ہیں)

ضمائر (Pronouns)

اسم (Noun) کی جگہ پہ جو لفظ استعمال ہو اس کو انگلش میں Pronoun اور عربی میں ''اسم ضمیر'' کہا جاتا ہے۔ ضمیر کی جمع ضمائر آتی ہے۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

قرآن مجید میں جتنی دفعہ اِن کا ذکر آیا ہے اس کی تعداد اور ساتھ ساتھ انگریزی Pronouns بھی لکھ دیئے گئے ہیں۔ یہ ضمیریں جن کی تعداد چودہ ہے۔ ہمیشہ تنہا آئیں گی۔ اس لئے ان کو ضمیر منفصل کا نام دیا جاتا ہے۔ اور اگر یہ کسی کے ساتھ مل کر آئیں تو ضمیر متصل کہا جاتا ہے۔ جیسے هُو (وہ ایک) ضمیر منفصل ہے اس سے رَبُّہٗ (اس کا رب) ضمیر متصل ہے۔ ان کی قرآن میں تعداد تقریباً (10,000) کے قریب ہے۔

انگریزی میں Subjective Sense (He, She) کے Pronouns کو عربی میں ضمیر منفصل کہتے ہیں۔ گردان اگلے صفحے میں دیکھیں۔

(۱)ضمیر منفصل

جمع Plural	تثنیہ Dual	واحد Singular		
هُمْ 2104	هُمَا 115	هُوَ 432	Third Person	مذکر
وہ(سب مرد)	وہ(دو مرد)	وہ(ایک مرد)		(غائب)
They(all male)	They(both male)	He		
هُنَّ 93	هُمَا	هِيَ 65		مونث
وہ(سب عورتیں)	وہ(دوعورتیں)	وہ(ایک عورت)		
They(all female)	They(both female)	She		
اَنْتُمْ 130	اَنْتُمَا	اَنْتَ 78	Second Person	مذکر
تم(سب مرد)	تم(دو مرد)	تو(ایک مرد)		(حاضر)
You	You	You		
اَنْتُنَّ	اَنْتُمَا	اَنْتِ		مونث
تم(عورتیں)	تم(دوعورتیں)	تو(ایک عورت)		
You	You	You		
نَحْنُ 82		اَنَا 106	First Person	متکلم
ہم(سب مرد / عورتیں)		میں(ایک مرد/عورت)		
We		I		

(۲)ضمیر متصل

انگریزی میں Pronouns کی Possesive sense اور Objective کو ضمیر متصل کہتے ہیں۔ یہ ہمیشہ کسی دوسرے لفظ کے ساتھ مل کر آتی ہیں۔ جیسے هُوَ سے "هٗ" مثلاً أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اس کلمہ میں عَبْدُهٗ اور رَسُوْلُهٗ کے آخر میں دو ضمیریں متصل ضمیر کہلائیں گی۔ پہلی حالت میں یہ Subjective Pronouns کہلائیں گی اور دوسری حالت میں Objective Pronouns کہلائیں گی۔

جمع Plural	تثنیہ Dual	واحد Singular		
هُمْ بھی تبدیل نہیں ہوگا	هُما سے هُما ہی رہے گا	هُوَ سے هٗ (مثلاً رضی اللہ عنہ)	Third Person	مذکر
They سے Their	They سے Their	He سے His اور Him		(غائب)
هُنَّ بھی تبدیل نہیں ہوگا	هُما سے هُما ہی رہے گا	هِيَ سے هَا (مثلاً رضی اللہ عنہا) (She سے Her)		مونث
أَنْتُمْ سے كُمْ جیسے رَبُّكُمْ (تم سب کا رب)	أَنْتُمَا سے كُمَا جیسے رَبُّكُمَا (تم دو کا رب)	أَنْتَ سے كَ جیسے رَبُّكَ (تیرا رب)	Second Person	مذکر
		You سے Your		(حاضر)
أَنْتُنَّ سے كُنَّ	أَنْتُمَا سے كُمَا	أَنْتِ سے كِ جیسے رَبُّكِ		مونث
جمع متکلم کیلئے "نا" استعمال ہوگی جیسے رَبُّنَا (ہمارا رب)		أَنا کی جگہ "ی" استعمال ہوگی جیسے رَبِّيْ (میرا رب)	First Person	متکلم
We سے Our، Us		I سے My اور Me		

اسم اور فعل کی طرح حروف کی بھی متعدد قسمیں ہیں۔حروف کے چند گروپ درج ذیل ہیں:

(1) حروفِ جارہ

حروف جارہ تعداد میں 17 ہیں۔ جو ایک شعر کی صورت میں درج ذیل ہیں۔لفظ کے نیچے اس کا ترجمہ ذکر کر دیا گیا ہے۔ان کو انگریزی میں (Prepositions) کہتے ہیں ان کے بعد جو بھی Noun آئے گا اس کے نیچے ہمیشہ زیر آئے گی۔(قرآن میں جتنی جتنی دفعہ یہ استعمال ہوئے ہیں ان کو آخر میں Dictionary میں لکھ دیا گیا ہے)

باؤ	تاؤ	کاف	لام	واؤ	مُنْذُ
ساتھ	قسم	کی طرح	کیلئے	اور	وقت کی تعین
مُذْ	خَلَا	رُبَّ	حاشا	مِنْ	عَدَا
وقت کی تعین	کیلئے آتے ہیں	تعداد کیلئے	استثناء کیلئے	سے	استثناء کیلئے
فِیْ	عَنْ	اِلٰی	حَتّٰی	عَلٰی	
میں	سے	کی طرف	یہاں تک	پر	

(2) حروفِ مشبہ بالفعل

إِنَّ، أَنَّ، كَأَنَّ، لٰكِنَّ، لَعَلَّ، لَيْتَ

بے شک گویا کہ لیکن شاید کاش

یہ تعداد میں چھ ہیں اور قرآنِ مجید میں تقریباً 1640 دفعہ استعمال ہوئے ہیں۔ان کی تعداد بھی کتاب کے آخر میں ڈکشنری میں دے دی گئی ہے۔

(3) امید اور قریب کا معنٰی دینے والے حروف (افعال)

وہ حروف (افعال) جو امید اور قریب ہونے یا شروع اور ابتداء کے معنٰی دیتے ہیں ان کی گردان فعل کی مانند ہی ہوتی ہے اسی لئے ان کو افعال مقاربہ، رجاء کے نام سے یاد کیا جاتا

ہے۔ان میں سے مشہور درجہ ذیل ہیں یہ کل (500) کےقریب قرآن میں استعمال ہوئے ہیں۔
كَادَ ، (قریب ہے) **عَسٰی** (امید ہے) **أَنْشَاءَ، أَ خَذَ، جَعَلَ، قَامَ** (آغاز اورابتداء کا معنیٰ دیتے ہیں)۔

فعل ماضی معروف

(Past Active Tense)

کسی بھی زبان پر عبور حاصل کرنے کے لیے اس کے افعال کی گردان پر عبور حاصل کرنا بہت ضروری ہے۔درجہ ذیل افعال میں ماضی مضارع امر اور نہی ذکر کیے جائیں گے جن کی گردان میں کسی بھی لفظ کی چالیس حالتیں ہوسکتی ہے۔جس کو یہ چالیس تبدیلیاں آتی ہیں اس کو قرآن کافی حدتک سمجھنے کا ملکہ پیدا ہوجاتا ہے،اصل مادہ (Root) چالیس کے چالیس الفاظ میں باقی رہے گا۔چندحروف کی تبدیلیاں اس کے معانی میں تبدیلی پیدا کریں گی۔

فعل ماضی کی گردان

جمع Plural	تثنیہ Dual	واحد Singular		
ضَرَبُوْا	ضَرَبَا	ضَرَبَ	Third Person	مذکر
اُن(سب مردوں)نے مارا	اُن(دومردوں)نے مارا	اس(ایک مرد)نے مارا		(غائب)
They(all male) beat	They(both male) beat	He(One Male) beat		
ضَرَبْنَ	ضَرَبَتَا	ضَرَبَتْ		مونث
اُن(سب عورتوں)نے مارا	اُن(دو عورتوں)نے مارا	اس(ایک عورت) نے مارا		
They(all female) beat	They(both female) beat	She (One Female) beat		

ضَرَبْتُمْ	ضَرَبْتُمَا	ضَرَبْتَ	Second Person	مذکر
تم(سب مردوں)نے مارا	تم(دومردوں)نے مارا	تو(ایک مرد)نے مارا		(حاضر)
You (all Male) beat	You (Both Male) beat	You (One Male) beat		
ضَرَبْتُنَّ	ضَرَبْتُمَا	ضَرَبْتِ		مونث
تم(سب عورتوں)نے مارا	تم(دوعورتوں)نے مارا	تو(ایک عورت)نے مارا		

You (all female) beat	You (Both female) beat	You (One female) beat	First Person	
ضَرَبْنَا		ضَرَبْتُ		
ہم سب نے مارا		میں نے مارا		متکلم
We (all) beat		I (One) beat		

2:- فعل مضارع معروف

عربی میں مضارع دو معانی دیتا ہے ایک حال اور دوسرا مستقبل۔

		جمع Plural	تثنیہ Dual	واحد Singular
مذکر (غائب)	Third Person	يَضْرِبُوْنَ	يَضْرِبَانِ	يَضْرِبُ
		وہ سب مرد مارتے ہیں یا ماریں گے	وہ دو مرد مارتے ہیں یا ماریں گے	وہ ایک مرد مارتا ہے یا مارے گا
		They (all) do or they all will do	They (two) do or will do	He Does / He will do
مونث		يَضْرِبْنَ	تَضْرِبَانِ	تَضْرِبُ
		وہ سب عورتیں مارتی ہیں یا ماریں گی	وہ دو عورتیں مارتی ہیں یا ماریں گی	وہ ایک عورت مارتی ہے یا مارے گی۔
		They (all) do or they all will do	They (two) do or will do	She does / She will do
مذکر (حاضر)	Second Person	تَضْرِبُوْنَ	تَضْرِبَانِ	تَضْرِبُ
		تم سب مرد مارتے ہو یا مارو گے	تم دو مرد مارتے ہو یا مارو گے	تو ایک مرد مارتا ہے یا مارے گا
		You (all male) do or will do	You (two) do or will do	You Does/You will do
مونث		تَضْرِبْنَ	تَضْرِبَانِ	تَضْرِبِيْنَ
		تم سب عورتیں مارتی ہو یا مارو گی	تم دو عورتیں مارتی ہو یا مارو گی	تو ایک عورت مارتی ہے یا مارے گی۔
		You (all female) do or will do	You (two) do or will do	You do (Female)
متکلم	First Person	نَضْرِبُ		أَضْرِبُ
		ہم مارتے/ مارتیں ہیں یا ماریں گی		میں مارتا/مارتی ہوں
		We do, will do		I do, will do

نوٹ: قرآن میں سب سے زیادہ فعل (Verb) قَالَ يَقُوْلُ (1719 دفعہ) استعمال ہوا ہے۔
جس کا معنی بات کرنا ہیں اس لئے اس کی گردان الگ سے درج ذیل ہے۔

		واحد Singular	تثنیہ Dual	جمع Plural
مذکر (غائب)	Third Person	قَالَ	قَالَا	قَالُوْا
		اُس ایک مرد نے کہا	اُن دو مردوں نے کہا	اُن سب مردوں نے کہا
مونث		قَالَتْ	قَالَتَا	قُلْنَ
		اُس ایک عورت نے کہا	اُن دو عورتوں نے کہا	اُن سب عورتوں نے کہا

مذکر (حاضر)	Second Person	قُلْتَ	قُلْتُمَا	قُلْتُمْ
		تو نے کہا (مرد)	تم دو مردوں نے کہا	تم سب مردوں نے کہا
مونث		قُلْتِ	قُلْتُمَا	قُلْتُنَّ
		تو نے کہا (عورت)	تم دو عورتوں نے کہا	تم سب عورتوں نے کہا

متکلم	First Person	قُلْتُ		قُلْنَا
		میں نے کہا		ہم نے کہا

كَانَ کی گردان بھی قَالَ کے وزن پر آئے گی۔ كَانَ يَكُوْنُ ہونا اور نہ ہونا کے معنی میں استعمال ہوتا ہے قرآن میں 1391 دفعہ استعمال ہوا ہے۔

فعل مضارع کے اندر تبدیلی پیدا کرنے والے احکام:

تغیرات (تبدیلیاں) سے مراد مضارع کے صیغہ میں لفظی اور معنوی تبدیلیاں ہیں کیونکہ مضارع کا صیغہ زمانہ حال اور مستقبل دونوں میں مشترک ہوتا ہے۔

نوٹ: مضارع پر داخل ہونے والے حروف اس میں دو قسم کی تبدیلی پیدا کرتے ہیں۔

ا۔معنوی (جس سے معنیٰ میں تبدیلی ہوتی ہے۔)

۲۔لفظی (جس سے مضارع کے لفظوں میں تبدیلی ہوتی ہے)

۳۔لفظی اور معنوی

1- معنوی تبدیلی:

وہ حروف جو صرف مضارع کے معنوں میں تبدیلی پیدا کرتے ہیں، چار ہیں:

ا۔لام مفتوح (ل) ۲۔س ۳۔سوف ۴۔لا

(i) لام مفتوح (یعنی ایسا لام جس کے اُوپر زبر ہو) یہ مضارع پر آتا ہے اور اسے زمانہ حال کے ساتھ خاص کر دیتا ہے جیسی **لَيَفْتَحُ** (وہ البتہ کھولتا ہے۔) **إِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْ** (بیشک وہ مجھے غم میں ڈالتا ہے۔)

(ii) س۔ یہ مضارع کو مستقبل قریب کے ساتھ خاص کر دیتا ہے۔ جیسے **سَيَعْلَمُ** (وہ ابھی جان لے گا)

(iii) **سَوْفَ**۔ یہ مضارع کو مستقبل بعید کے ساتھ خاص کر دیتا ہے۔ جیسے **سَوْفَ يَعْلَمُوْنَ** (وہ تھوڑی دیر بعد جان لیں گے)

(iv) لا۔ یہ مضارع کو مستقبل منفی کے معنوں میں کر دیتا ہے۔ جیسے **لَا يَدْخُلُ** (وہ داخل نہیں ہوگا)

2- لفظی ومعنوی تبدیلی

تین قسم کے حروف مضارع میں لفظی ومعنوی تبدیلی کا باعث بنتے ہیں۔

ا۔حروف نواصب ۲۔حروف جوازم ۳۔نون تاکید

پہلی دو قسمیں تنہا اور نون تاکید دوسرے حرف کے ساتھ مل کر تبدیلی کرتا ہے۔

ا۔ حروف نواصب (نصب دینے والے حروف) یہ حروف تعداد میں چار ہیں، اَنْ ، لَنْ ، كَيْ ، اِذَنْ (ان میں سے ہر ایک قرآن میں جتنی دفعہ استعمال ہوا ہے اس کی تفصیل آئندہ

صفحات میں موجود ہے)

لفظی تبدیلی:

حروف ناصبہ درج ذیل لفظی تبدیلی پیدا کرتے ہیں۔

۱۔ یہ حروف مضارع کے پانچ مرفوع صیغوں کو نصب دیتے ہیں۔جیسے لَنْ یَّنْصُرَ، لَنْ تَنْصُرَ

۲۔ سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گرا دیتے ہیں۔جیسے لَنْ یَنْصُرَا ، لَنْ یَنْصُرُوْا

۳۔ نون ضمیری میں کچھ عمل نہیں کرتے جیسے لَنْ یَّفْعَلْنَ

۴۔ اگر مضارع کے آخر میں حرف علت (و،ا،ی) ہو تو ان کو نہیں گراتے البتہ اگر وؔ ، یؔ ہو تو نصب ظاہر ہوتی ہے اور اگر آخر میں آؔ ہو تو نصب تقدیری ہوتی ہے جیسے لَنْ یَّدْعُوَ، لَنْ یَّرْمِیَ ، لَنْ یَّرْضٰی

معنوی تبدیلی:

معنوی تبدیلی حسب ذیل ہے:

اَنْ (کہ): یہ مضارع کو مصدر کے معنٰی میں کر دیتا ہے۔اور مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتا ہے۔اس اَنْ کو اَنْ مصدریہ کہتے ہیں جیسے اَنْ یَّنْصُرَنِیْ (اس کا میری مدد کرنا) اس اَنْ اور فعل کے مجموعہ کو مصدر مُؤَوَّل کہتے ہیں۔

لَنْ (ہرگز نہیں): یہ مضارع میں نفی کی تاکید کا معنی پیدا کر دیتا ہے۔اور اسے مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتا ہے۔اس کو نفی تاکید بلن کہتے ہیں۔جیسے لَنْ یَّنْصُرَنِیْ (وہ ہرگز میری مدد نہیں کرے گا)

کَیْ (تاکہ): یہ مضارع کو مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتا ہے اور اس کا ماقبل اس کے بعد کا سبب ہوتا ہے۔جیسے اَسْلَمْتُ کَیْ اَدْخُلَ الجَنَّۃ (میں اسلام لایا تا کہ جنت میں داخل ہوں)

اِذَنْ (پھر یا تب): یہ مضارع کو مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتا ہے اور اس کا مابعد کسی سوال کا جواب ہوتا ہے۔جیسے اَسْلِمْ اِذَنْ تَدْخُلَ الجَنَّۃَ (تو اسلام لا تب جنت میں داخل ہوگا)

حروف جوازم

ان سے مراد وہ حروف ہیں جو مضارع کے آخر کو جزم دیتے ہیں اور یہ پانچ حروف ہیں۔
لَمْ، لَمَّا، لامِ امر، لاَنہی، اِنْ شرطیہ (ان کی تعداد بھی اگلے صفحات میں موجود ہے)
یہ حروف مضارع پہ داخل ہوکر دو قسم کی تبدیلی پیدا کرتے ہیں۔لفظی اور معنوی

لفظی تبدیلی:

حروف جازمہ سے درج ذیل لفظی تبدیلیاں آتی ہیں۔

۱۔ یہ مضارع کے پانچ مرفوع صیغوں کو جزم دیتے ہیں جیسے لَمْ یَفْعَلْ، لَمْ تَفْعَلْ

۲۔ سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گرا دیتے ہیں۔جیسے لَمْ یَفْعَلَا ، لَمْ یَفْعَلُوْا

۳۔ نون ضمیری میں کچھ عمل نہیں کرتے جیسے لَمْ یَفْعَلْنَ ، لَمْ تَفْعَلْنَ

۴۔ اگر واحد کے صیغے کے آخر میں حرف علت ہو تو اس کو بھی گرا دیتے ہیں جیسے یَدْعُوْ سے لَمْ یَدْعُ ، یَرْمِیْ سے لَمْ یَرْمِ، یَرْضٰی سے لَمْ یَرْضَ

معنوی تبدیلی:

معنوی تبدیلی حسب ذیل ہے۔

۱۔ لَمْ: یہ مضارع کو ماضی منفی کے معنیٰ میں کر دیتا ہے۔جیسے لَمْ یَنْصُرُوْا (انہوں نے مدد نہ کی)

۲۔ لَمَّا (ابھی تک نہیں): یہ بھی مضارع کو ماضی منفی کے معنیٰ میں کر دیتا ہے۔جیسے لَمَّا یَنْصُرْ (اس نے ابھی تک مدد نہیں کی)

نوٹ: لَمْ اور لَمَّا دونوں مضارع کو ماضی منفی کے معنیٰ میں کرتے ہیں مگر ان کی نفی میں فرق یہ ہے کہ لَمَّا کی نفی تمام زمانہ ماضی کو، گفتگو کرنے کے زمانہ تک شامل ہوتی ہے جیسے لَمَّا یَنْصُرْ جبکہ لَمْ کی نفی تمام زمانہ ماضی کو شامل نہیں ہوتی جیسے لَمْ یَنْصُرْ کا معنی ہوگا کہ اس نے مدد نہیں کی

۳۔ لامِ امر: یہ لام مکسور (جس کے نیچے زیر ہو) ہوتا ہے، یہ فعل مضارع پر داخل ہوکر اس کو زمانہ مستقبل میں کسی کام کی طلب کے معنی میں کر دیتا ہے جیسے لِيَنْصُرْ (چاہیے کہ وہ مدد کرے) لِيَدْخُلْ (چاہیے کہ وہ داخل ہو) اور اگر اس لام سے پہلے واو یا ف آجائے تو لام ساکن ہوجاتا ہے جیسے وَلْيَدْخُلْ ،فَلْيَنْصُرْ۔

۴۔ لا نَهي: یہ مضارع کو زمانہ مستقبل میں کسی کام کے ترک کرنے کے معنی میں کر دیتا ہے۔ جیسے لَا تَنْصُرْ (تو مت مدد کر) لَا يَنْصُرْ (وہ مدد نہ کرے)

۵۔ ان شرطیہ(اگر): یہ فعل مضارع کے دو صیغوں پر داخل ہوتا ہے، دونوں کے آخر کو جزم دیتا ہے اور انکو مستقبل کے ساتھ خاص کر دیتا ہے۔ پہلا فعل دوسرے فعل کا سبب ہوتا ہے۔ پہلے فعل کو شرط اور دوسرے کو جزا کہتے ہیں جیسے اِنْ تَنْصُرْ اَنْصُرْ (اگر تو مدد کرے گا تو میں مدد کروں گا) اسی مفہوم کے جملوں کو انگریزی میں (Conditional Sentence) شرطیہ جملے کہا جاتا ہے۔

(مزید تفصیل کے لئے دیکھیں۔ تسهيل الصرف و النحو۔ ضیاء القرآن پبلیکیشنز، لاہور)

فعل امر

وہ فعل جس سے کسی کو کوئی کام کرنے کا حکم دیا جائے، التماس کیا جائے یا خواہش کا اظہار کیا جائے اس کے آغاز میں ہمزہ (إٔ) آئے گا جس پہ کبھی زبر اور کبھی زیر آتے ہیں۔ اگر فعل کا Middle (عین کلمہ) زبر (ـَ) یا زیر (ـِ) کے ساتھ ہو تو یہ ہمزہ زیر کے ساتھ وگرنہ پیش کے ساتھ آئے گا۔

1- جیسے ضَرَبَ سے إِضْرِبْ کیونکہ ضَرَبَ یَضْرِبُ کا درمیانہ حرف (عین کلمہ) زیر ـِ کے ساتھ ہے تو امر کے ہمزہ کے نیچے زیر آ گئی۔

2- فَتَحَ یَفْتَحُ سے إِفْتَحْ ۔ کیونکہ درمیانے حرف پر زبر ہے۔

3- نَصَرَ یَنْصُرُ سے أُنْصُرْ کیونکہ درمیانے حرف پر پیش ہے۔

	واحد	تثنیہ	جمع
امر حاضر	إِضْرِبْ تو ایک مرد مار، Beat (Male)	إِضْرِبَا (تم دو مرد مارو) Beat (You two)	إِضْرِبُوْا (تم سب مرد مارو) Beat (You all)
	إِضْرِبِيْ (تو ایک عورت مار) Beat (Female)	إِضْرِبَا (تم دو عورتیں مارو) Beat (you two female)	إِضْرِبْنَ (تم سب عورتیں مارو) Beat (you all female)

	واحد	تثنیہ	جمع
امر غائب	لِیَضْرِبْ (اسے چاہیے کہ وہ ایک مرد مارے)	لِیَضْرِبَا (انہیں چاہیے کہ وہ دو مرد ماریں)	لِیَضْرِبُوا (انہیں چاہیے کہ وہ سب مرد ماریں)
	لِتَضْرِبْ (اسے چاہیے کہ وہ ایک عورت مارے)	لِتَضْرِبَا (انہیں چاہیے کہ وہ دو عورتیں ماریں)	لَیَضْرِبْنَ (انہیں چاہیے کہ وہ سب عورتیں ماریں)

	واحد متکلم	جمع متکلم
امر متکلم	لِأَضْرِبْ (مجھے مارنا چاہیے)	لِنَضْرِبْ (ہمیں مارنا چاہیے)

فعل نہی

اس سے مراد وہ فعل ہے جس میں کسی کو کوئی کام کرنے سے روکا جائے۔ یہ فعل مضارع سے پہلے ”لا“ لگانے سے بنتا ہے۔ ”لا“ لگنے کی وجہ سے مضارع کے آخر سے پیش گر جاتا ہے۔ جیسے لا یَضْرِبْ۔

اس پیش کی وجہ سے جتنے ”ن“ تھے فعل مضارع کے آخر میں وہ گر جاتے ہیں۔ لیکن کبھی ”لا“ کی وجہ سے مضارع کے آخر میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی کیونکہ وہ لا نہی کا نہیں بلکہ نفی کا ہوتا ہے۔

		واحد	تثنیہ	جمع
فعل نہی غائب	مذکر	لَا یَضْرِبْ (اسے ایک مرد کو چاہیے کہ وہ نہ مارے)	لَا یَضْرِبَا (ان دو مردوں کو چاہیے کہ وہ نہ ماریں)	لَا یَضْرِبُوْا (تم سب مردوں کو چاہیے کہ نہ ماریں)
	مونث	لَا تَضْرِبْ (اس ایک عورت کو چاہیے کہ وہ نہ مارے)	لَا تَضْرِبَا (ان دو عورتوں کو چاہیے کہ وہ نہ ماریں)	لَا یَضْرِبْنَ (تم سب عورتوں کو چاہیے کہ وہ نہ ماریں)

		واحد	تثنیہ	جمع
فعل نہی حاضر	مذکر	لَا تَضْرِبْ (تو نہ مار) Dont Beat	لَا تَضْرِبَا (تم دو مرد نہ مارو) Dont (you two)	لَا تَضْرِبُوْا (تم سب مرد نہ مارو) Dont (you all)
	مونث	لا تَضْرِبِیْ (تو ایک عورت نہ مار) Dont (Female)	لا تَضْرِبَا (تم دو عورتیں نہ مارو) Dont (you two Female)	لَا تَضْرِبْنَ (تم سب عورتیں نہ مارو) Dont (you all Female)

متکلم	لَا أَضْرِبْ مجھے چاہیے کہ میں نہ ماروں	لَا نَضْرِبْ ہم سب کو چاہیے کہ ہم نہ ماریں

یہ گردانیں تین حرفوں والے فعل (ثلاثی مجرد) سے دی گئی ہیں بعض اوقات چند حروف کے بڑھ جانے کی وجہ سے ان کی شکلیں تبدیل بھی ہو جاتی ہیں ان کو تین حروف کے بجائے چار یا چار سے زائد حروف والے افعال (ثلاثی مزید فیہ جس کے کل 12 ابواب ہیں اور رباعی جس کے 3 ابواب ہیں) کہا جاتا ہے۔

جیسے نَزَلَ سے أَنْزَلَ، قَتَلَ سے قَاتَلَ، نَصَرَ سے اِسْتَنْصَرَ، فَطَر سے إِنْفَطَرَ جس کے اندر معنی کی تبدیلی ابواب کی خصوصیات کے ساتھ ہوتی ہے (ابواب کی خصوصیات آنے والے صفحات میں ذکر جاری ہیں)۔

ثلاثی مجرد (Bechelor) کے ٹوٹل چھ اوزان/ سانچے/ ابواب ہیں۔

یعنی جب ماضی کے تینوں حرف (Root Words) زبر کے ساتھ ہوں تو مضارع میں عین کلمہ کے اوپر تینوں Vowel Signs یعنی زیر، زبر، پیش آ سکتے ہیں (عربی زبان میں تین حروف علت (Vowels) ہیں۔ واؤ۔ الف اور یاء اور ان تینوں کی مناسبت سے حرکتیں یعنی Vowel Signs بھی تین ہیں جو زبر، زیر اور پیش کہلاتی ہیں)

1	ضَرَبَ يَضْرِبُ	فَعَلَ يَفْعِلُ	درمیانے حرف کے زیر کے ساتھ
2	فَتَحَ يَفْتَحُ	فَعَلَ يَفْعَلُ	درمیانے حرف کے زبر کے ساتھ
3	نَصَرَ يَنْصُرُ	فَعَلَ يَفْعُلُ	درمیانے حرف کے پیش کے ساتھ

جب ماضی میں درمیانہ حرف زیر کے ساتھ ہو تو مضارع میں درمیانہ حرف دو V owel Sign یعنی زبر اور زیر کے ساتھ آ سکتا ہے

4	سَمِعَ يَسْمَعُ	فَعِلَ يَفْعَلُ	درمیانے حرف کی زبر کے ساتھ
5	حَسِبَ يَحْسِبُ	فَعِلَ يَفْعِلُ	درمیانے حرف کی زیر کے ساتھ

جب ماضی کے وزن میں درمیانے حرف کے اوپر پیش ہو تو مضارع میں درمیانے حرف پر صرف ایک Vowel Sign یعنی پیش ُ آ سکتی ہے۔

6	كَرُمَ يَكْرُمُ	فَعُلَ يَفْعُلُ	درمیانے حرف کے پیش کے ساتھ

مذکورہ چھ ابواب (باب، door) سے قرآن میں سینکڑوں افعال (Verbs) استعمال ہوئے ہیں۔ جن میں ہر وزن پر قرآن سے چن چن کر مشہور Verbs ذکر کئے جا رہے ہیں۔ جن کی ترتیب میں اس Verb کا ماضی، مضارع (حال+ مستقبل)، امر (کسی کو حکم دینا) نہی (کسی کو

کسی کام سے روکنا) کا پہلا پہلا صیغہ لکھا جائے گا اور اردو اور انگریزی میں ترجمہ کے ساتھ ساتھ قرآن میں وہ کتنی دفعہ آیا ہے اسکی تعداد بھی ذکر کی جارہی ہے اس کتابچے کی طوالت کے خطرے کے باعث آیات ذکر نہیں کی جائیں گے۔

قرآن فہمی کے شوق رکھنے والے احباب کے لیے اس بات کا سمجھنا بھی ضروری ہے کہ وہ کون کون سے فعل ہیں جو ضَرَبَ يَضرِبُ، فَتَحَ يَفتَحُ، سَمِعَ يَسمَعُ وغیرہ کے اوزان پر آتے ہیں۔اس کیلئے چند Tips درج کی جارہی ہیں۔جن کو خاصیات (Specifications) کہا جاتا ہے۔

ضَرَبَ يَضرِب،نَصَرَ يَنصُرُ کا خاصہ (Specification) غلبہ ہے جس کا معنی یہ ہے کہ دو شخصوں کا مل کر کسی کام کو کرنا، ان میں سے ایک کا غالب آجانا ہے۔ ضَرَبَ اس نے مارا، نَصَرَ اس نے مدد کی، خَصَمَ اس نے جھگڑا کیا، أَمَرَ اس نے حکم دیا جس میں غلبہ کا مفہوم ہوگا وہ فعل ان دو ابواب سے آئے گا۔

مذکورہ مثالوں میں ایک فرد نہیں بلکہ عموماً دو کا اشتراک ہوتا ہے۔

فَتَحَ يَفتَحُ کی سب سے بڑی پہچان یہ ہے کہ اس کے دوسرے یا تیسرے (عین یا لام) کلمہ میں حروف حلقی (ء ھ ع ح غ خ) میں سے کوئی آتا ہے۔ یہ قاعدہ 100% نہیں ہے لیکن سمجھنے میں مدد دے سکتا ہے۔ جیسے ذَهَبَ۔وہ گیا، طَبَخَ۔اس نے پکایا، مَنَعَ۔اس نے روکا وغیرہ۔

سَمِعَ يَسْمَعُ سے اکثر ایسے verbs آتے ہیں جن میں عارضی (نفسانی) وصف پایا جاتا ہے۔ اور مفعول کی بھی اکثر ضرورت نہیں ہوتی۔ جیسے وَجِعَ يَوجَعُ درد والا ہونا، حَزِنَ يَحزَنُ غمزدہ ہونا، فَرِحَ يَفرَحُ خوش ہونا، حَمِرَ يَحمَرُ سرخ ہونا وغیرہ۔

كَرُمَ يَكرُمُ. یہ باب بھی ہمیشہ مفعول کے بغیر آتا ہے۔ اور اس میں وہ اوصاف پائے جاتے ہیں۔ جو بار بار کے تجربہ اور مشق سے حاصل ہوتے ہیں جیسے (أَدُبَ يَأدُبُ)۔ باادب ہونا، (فَقُهَ يَفقُهُ)۔ سمجھدار ہونا وغیرہ۔

تین حروف والے فعل کو ثلاثی مجرد اور تین سے زائد حروف والے کو ثلاثی مزید فیہ اور رباعی و خماسی کا نام دیا جاتا ہے۔

ثلاثی مزید فیہ کے کل بارہ ابواب ہیں جن کا طریقہ یہ ہے کہ ماضی معروف، ثلاثی مجرد کی ابتدا، درمیان یا آخر میں ایک دو یا تین حروف کا اضافہ کرنے سے بن جاتے ہیں جس سے معنی میں تبدیلی واقع ہو جاتی ہے۔ جیسی خَرَجَ کا معنی نکلنا ہے لیکن جب یہ ثلاثی مزید فیہ میں اَخْرَجَ بنے گا تو اس کا معنی نکالنا ہو جائے گا۔

ان بارہ ابواب کے نام، بنانے کا طریقہ اور ان کی وجہ سے معنی میں تبدیلی اور ان کے خواص درج ذیل ہیں۔

1-إِفْعَالٌ 2-تَفْعِيْلٌ 3-مُفَاعَلَهٌ 4-تَفَعُّلٌ 5-تَفَاعُلٌ 6-اِفْتِعَالٌ
7-اِنْفِعَالٌ 8-اِفعِلاَل 9-اِفعِيلاَل 10-اِسْتِفْعَالٌ 11-اِفْعِيْعَالٌ 12- اِفْعِوَّالٌ

ان میں حروف کا اضافہ اور معانی کے اندر تبدیلی کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

1۔ وہ ابواب جن میں ایک حرف زائد ہوتا ہے، تین ہیں:

إِفْعَالٌ۔ یہ باب ثلاثی مجرد کی ماضی کے ف کلمہ (پہلا حرف) سے پہلے ہمزہ زیادہ کرنے سے بنتا ہے۔ جیسے خَرَجَ سے اَخْرَجَ

تَفْعِيْلٌ۔ یہ ثلاثی مجرد کی ماضی کے عین کلمہ (درمیانہ حرف) کو مشدد (ــّـ) کرنے سے بنتا ہے جیسی صَرَفَ سے صَرَّفَ، كَذَبَ سے كَذَّبَ

مُفَاعَلَهٌ۔ یہ ثلاثی مجرد کی ماضی کے ف کلمہ کے بعد الف ساکن کا اضافہ کرنے سے بنتا ہے جیسے قَتَلَ سے قَاتَلَ، شَرِكَ سے شَارَكَ

2۔ وہ ابواب جن کے ماضی میں دو حروف زیادہ ہوتے ہیں، پانچ ہیں:

تَفَعُّلٌ۔ یہ ثلاثی مجرد کی ماضی کے ف کلمہ (پہلا حرف) سے پہلے ت اور عین کلمہ کو مشدد (ــّـ) کرنے سے بنتا ہے۔ جیسی قَبِلَ سے تَقَبَّلَ، قَدِمَ سے تَقَدَّمَ

تَفَاعُلٌ۔ یہ ثلاثی مجرد کی ماضی کے شروع میں ت اور ف کلمہ (پہلا حرف) کے بعد الف زیادہ کرنے سے بنتا ہے۔جیسے قَبَلَ سے تَقَابَلَ، قَدَمَ سے تَقَادَمَ

اِفتِعَالٌ۔ یہ ثلاثی مجرد کی ماضی کے شروع میں ہمزہ مکسور (وہ ہمزہ جو زیر کے ساتھ) ف کلمہ کے بعد ''ت'' لگانے سے بنتا ہے۔جیسے جَنَبَ سے اِجْتَنَبَ، فَخَرَ سے اِفْتَخَرَ

اِنْفِعَال۔ یہ ثلاثی مجرد کی ماضی کے شروع میں ہمزہ مکسور (وہ ہمزہ جو زیر کے ساتھ) اور نون ساکن لگانے سے بنتا ہے۔جیسے فَطَرَ سے إِنْفَطَرَ کَسَرَ سے إِنْکَسَرَ

اِفعِلاَل۔ یہ ثلاثی مجرد کی ماضی کے شروع میں ہمزہ مکسور (وہ ہمزہ جو زیر کے ساتھ) اور لام کلمہ کو مشدد کرنے سے بنتا ہے۔جیسی حَمَرَ سے إِحْمَرَّ، حَضَرَ سے إِحْضَرَّ

3۔ وہ ابواب جن کے ماضی میں تین حروف زیادہ ہوتے ہیں، چار ہیں۔

اِفعِیلاَل۔ یہ ماضی کے شروع میں ہمزہ مکسور (وہ ہمزہ جو زیر کے ساتھ)، عین کلمہ کے بعد الف اور لام کلمہ کو مشدد کرنے سے بنتا ہے جیسی اِفعِوّال حَمَرَ سے اِحمَارَّ

إِسْتِفْعَال۔ یہ ماضی کے اول میں ہمزہ مکسور، سین اور ت لگانے سے بنتا ہے جیسے نَصَرَ سے إِسْتَنْصَرَ، غَفَرَ سے إِسْتَغْفَرَ

إِفْعِیْلاَلٌ۔ یہ ماضی کے شروع میں ہمزہ مکسور۔عین کلمہ کے بعد واو زائدہ اور عین کلمہ کو مکرر لگانے سے بنتا ہے جیسے خَشَنَ سے اِخْشَوْشَنَ، خَلَقَ سے إِخْلَوْلَقَ

اِفعِوّال۔ یہ ماضی کے شروع میں ہمزہ مکسور اور عین کلمہ کے بعد واو مشدد (ــّـ) کا اضافہ کرنے سے بنتا ہے۔جیسے جَلَذَ سے إِجْلَوَّذَ، خَرَطَ سے إِخْرَوَّطَ

فعل اور اسم سے پہلے آنے والے حروف

(Prefix of Verbs, Nouns / Prepositions)

انگریزی ترجمہ	قرآن میں استعمال	اُردو ترجمہ	لفظ
Has (with past) Surely (with present & future)	396	ماضی میں ہو تو تحقیق کا معنیٰ دے گا، مضارع میں ہو تو کبھی کبھی	قَدْ
Will (for near future)	333	عنقریب	س
Will (for future)	42	مستقبل بعید کیلئے	سوف
Will surely		بے شک، متعدد افعال کے شروع اور آخر میں آکر تحقیق کا معنی دیتے ہیں	لَ + فعل + نِّ
Indeed	179	تحقیق	لَقَدْ
Let do (Imperative)	775	چاہنا، طلب کرنا	لِ، لْ، أمر
Did not (past)	647	نہیں	لَمْ
Did not - till now	112	ابھی تک نہیں	لَمَّا
Never	137	نہیں	لَنْ
That	217	کہ	أنْ
So that	5	تا کہ	کَیْ
Very truly	1173	بے شک	اِنّ، أنَّ
As if	135	گویا کہ	کَأَنّ
But, however	118	لیکن	لَکِنَّ، لَکِنْ
Perhaps, may be	205	شاید	لَعَلَّ

That	217	کہ	أَنْ
If	173	اگر	اِنْ
Possibly	26	قریب،ممکن	عَسٰی
O!	270	ندا کیلئے،اے	یَاأَیُّھَا ، یَاأَیَّتُھَا ، یا
Near, with	117	پاس	عِنْدَ
Owner of	28	والا	ذَاتَ
Owner of some thing	63	والا	ذُو،ذَا،ذِی
Behind	17	پیچھے	وَرَأ
Right Oath	8	دایاں	یَمِیْن
Left	13	بایاں	شِمَالُ
Above, Up	21	اُوپر	فَوْقَ
With	124	ساتھ	مَعَ
On	811	پر	عَلٰی
Until	138	یہاں تک کہ	حَتّٰی
From	2334	سے	مِنْ
In	1057	میں	فِیْ
About	231	سے	عَنْ
